© rasailojaraid.com

# کتاب نما

Treasures of the Quran [قرآنی جواہرات]، مرتبہ: خرم مراد، عبدالرشید صدیقی۔
ناشر: دی اسلامک فاؤنڈیشن، لسٹر، برطانیہ۔ publications@islamic-foundation.com
صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۹۵ء۱۴ امریکی ڈالر۔

قرآن کریم روشنی کا منبع ہے، ایسی روشنی جو انسانی زندگی کو جہالت اور حیوانیت کی ظلمت سے باہر نکلنے میں مدد دیتی اور ہدایت کے طالبین کو صراطِ مستقیم دکھاتی ہے۔ قرآنِ کریم کے پیغام کو سمجھنے اور اس کے نُور سے دلوں کی دنیا منور کرنے اور معاشرتی ظلمتوں کو عدل و شائستگی کی راہوں پر استوار کرنے کے لیے ہزاروں اہلِ علم و تقویٰ نے کئی اسالیب اختیار کیے۔ زیر نظر کتاب بھی اسی نوعیت کی منفرد کاوش ہے۔

مولانا امین احسن اصلاحی مرحوم و مغفور نے سورۂ فاتحہ سے المائدہ تک، قرآنی سورتوں کا ایک گروپ متعین کیا تھا، جس میں خاص نوعیت کے موضوعات اپنی معنویت، استدلال اور پیغام کے ساتھ موجود ہیں۔ اس ذیل میں محترم خرم مراد نے (جن کی رحلت کو گذشتہ دسمبر میں ۲۰ برس گزر گئے) سورۂ بقرہ کے مرکزی مضامین کو ایک ترتیب کے ساتھ مرتب کیا تھا، جب کہ عبدالرشید صدیقی صاحب نے سورۂ آل عمران، النساء، المائدہ کے نکات کی اسی انداز سے تدوین کی ہے۔ اس مقصد کے لیے فاضل مرتبین نے جید مفسرین کی تحقیقات اور بیانات کو خوب صورتی سے مرتب کیا ہے۔ انھوں نے خاص طور پر مغرب کی غیر مسلم دنیا کو پیش نظر رکھا ہے، تاکہ وہ قرآن کا پیغام سمجھ سکیں۔ واقعہ یہ ہے کہ قرآنی نُور کی یہ کرنیں صرف غیر مسلموں کے لیے نہیں بلکہ خود مسلمانوں کے لیے بھی اتنی ہی ضروری ہیں کہ وہ انھیں پڑھیں، سمجھیں اور عمل میں ڈھالیں۔

آج، رفتہ رفتہ قومی زبانیں بے اثر بنائی جارہی ہیں اور نئی نسل کو انگریزی کی غلامی میں دیا جارہا ہے۔ اس فضا میں زیرتبصرہ کتاب کے ذریعے نسلِ نو کا رشتہ قرآن سے جوڑنے میں مدد مل سکتی ہے۔ فاؤنڈیشن اس خوب صورت کتاب کی اشاعت پر مبارک باد کی مستحق ہے۔ (سلیم منصور خالد)



© rasailojaraid.com